AQF / Shabbir

05-10-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کے لیے پولنگ جاری ہے۔

2. وزیراعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر میں 56 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی، پی۔ایم کسان اسکیم کی 18 ویں قسط بھی جاری کریں گے۔

3. بھارت نے دہشت گردی کے خلاف فوری بین الاقوامی معاہدہ کے اپنے مطالبے کی دوبارہ توثیق کی ہے۔

4. بھارت، 700 ارب امریکی ڈالر کے غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر والا چوتھا ملک بن گیا ہے۔

5. اور کرکٹ میں: دبئی میں خواتین کے ٹی ۔20 عالمی کپ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 58 رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

HARYANA POLLING

ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کے لیے پولنگ جاری ہے۔ واحد مرحلے کے تحت 90 اسمبلی سیٹوں کے لیے پولنگ ہو رہی ہے۔ پولنگ جو آج صبح سات بجے شروع ہوئی ہے اور شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔ اس دوران دو کروڑ تین لاکھ سے زیادہ ووٹرس ایک ہزار 31 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ ریاست بھر میں کُل 20 ہزار 632 پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر پنکج اگروال نے بتایا ہے کہ سبھی پولنگ مراکز پر ویب کاسٹنگ کی سہولت کے ساتھ ساتھ سیکیورٹی کا پختہ بندوبست کیا گیا ہے، تا کہ آزادانہ، منصفانہ اور بلا رکاوٹ پولنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔x

PM VOTE APPEAL

وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں سے ہریانہ میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات میں بڑی تعداد میں اپنے حقِ رائے

دہی کا استعمال کرنے اور جمہوریت کے اِس فیسٹیول کا حصہ بننے کی اپیل کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ریاست میں اُن سبھی نوجوان ووٹروں کو نیک خواہشات پیش کیں جو پہلی مرتبہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے جا رہے ہیں۔

**PM MHARASHTRA**

وزیراعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کا ایک دن کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم Washim میں تقریباً 23 ہزار 300 کروڑ روپے مالیت کے زراعت اور مویشی پروری کے شعبے سے وابستہ مختلف پہل قدمیوں کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی بنجارا کمیونٹی کے مالامال ورثے کا جشن مناتے ہوئے بنجارا وراثت میوزیم کا بھی افتتاح کریں گے۔ بعد میں جناب مودی تھانے میں 32 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ Washim ضلعے میں وزیراعظم پردھان منتری کسان ندھی (PM Kisan) اسکیم کی 18ویں قسط جاری کریں گے۔ اِس پروگرام کے دوران ملک بھر کے 9 کروڑ 4 لاکھ سے زیادہ کسان، 20 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رقم کے براہِ راست مالی فائدے حاصل کریں گے۔

اِس موقع پر جناب مودی Namo Shetkari Mahasanman Nidhi Yojana کی 5ویں قسط کے تحت مہاراشٹر کے کسانوں کو تقریباً دو ہزار کروڑ روپے کی فائدے کی اضافی رقم بھی جاری کریں گے۔ جناب مودی زرعی بنیادی ڈھانچے کے تحت ایک ہزار 920 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 7 ہزار 500 سے زیادہ پروجیکٹوں کو بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔ اِن بڑے پروجیکٹوں میں دیگر پروجیکٹوں کے ساتھ ساتھ کسٹم ہائرنگ سیکٹر، خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی بنیادی اکائیاں، گودام، Sorting and Grading Units کولڈ اسٹوریج پروجیکٹ، کٹائی کے بعد کے بندوبست سے متعلق پروجیکٹ شامل ہیں۔

تھانے میں جناب مودی اہم میٹرو اور سڑک پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم BKC میٹرو اسٹیشن سے میٹرو ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے، جو ممبئی میٹرو لائن 3 کے 14 ہزار 120 کروڑ روپے کی لاگت والے BKC سے Aarey JVLR سیکشن تک چلے گی۔x

**CLASSICAL LANGUAGES**

ملک بھر کے ماہرین تعلیم اور محققین نے پانچ بھارتی زبانوں کو کلاسیکی زبان کا درجہ دینے کے مرکزی کابینہ کے حالیہ فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ کابینہ نے جمعرات کو آسامی، بنگالی، مراٹھی، پالی اور پراکرت کو کلاسیکی زبانوں کی فہرست میں شامل کیا ہے۔ یہ درجہ ملنے سے اِن زبانوں کے مطالعے اور تحفظ کے لیے حکومت سے مختلف فوائد حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کلکتہ یونیورسٹی کے بودھ مطالعے کے محکمے کے پروفیسر ڈاکٹر اُجول کمار نے کہا کہ اِن زبانوں کا ثقافتی ورثہ ہے، اور اس فیصلے سے اِن زبانوں کے فروغ میں مدد ملے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس سے ادب

کے طلبا کے لیے روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔

اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس کے ممبر سکریٹری ڈاکٹر سچیدانند جوشی نے کہا کہ اِن زبانوں کو شامل کیے جانے کی تاریخی اہمیت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک کا قدیم ادب اِن زبانوں میں دستیاب ہے اور اِن زبانوں کو شامل کیے جانے سے مطالعے اور تحقیق میں مدد ملے گی۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UN ANTI TERRORISM PACT**

بھارت نے دہشت گردی کے خلاف فوری بین الاقوامی معاہدہ کئے جانے کی اپنی 30 سالہ پرانی تجویز کی دوبارہ توثیق کی ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی قانونی کمیٹی سے جمعرات کے روز خطاب کرتے ہوئے بھارت کے اقوام متحدہ مشن کی لیگل افسر R Mythili نے دہشت گرد گروپوں کی بڑھتی طاقت پر گہری تشویش کا اظہار کیا، جو اپنی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے ڈرونز جیسی جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے ممالک کی جانب سے بین الاقوامی دہشت گردی پر جامع کنونشن کو حتمی شکل دینے میں ہورہی موجودہ تاخیر سے نمٹنے کی ضرورت پر زور دیا۔

محترمہ Mythili نے اُن ممالک کی مذمت کی، جو دہشت گردوں کو سیاسی وجوہات کی بنا پر صحیح ٹھہراتے ہیں اور جنہوں نے ماضی میں کچھ گروپوں کو مجاہدین آزادی قرار دیتے ہوئے ان کا دفاع کیا تھا۔ محترمہ Mythili نے بین الاقوامی برادری پر زور دیا کہ وہ اس تفریق سے باہر آئیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس طرح کے سیاسی ایجنڈوں کی وجہ سے دہشت گردی کے خلاف عالمی لڑائی کمزور پڑ جاتی ہے۔ بین الاقوامی اتحاد کی بھارت کی اپیل ایسے وقت میں ہوئی ہے، جب گزشتہ مہینے اقوام متحدہ چوٹی کانفرنس میں 'مستقبل کے معاہدے' کو اپنائے جانے کے بعد ممالک انسداد دہشت گردی سے متعلق عالمی عہد بستگیوں کی تجدید کررہے ہیں۔x

**MEA MALDIVES**

مالدیپ کے صدر محمد Muizzu پیر سے چار روزہ سرکاری دورے پر بھارت آئیں گے۔ نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے خارجی امور کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ جناب Muizzu کا یہ پہلی باہمی دورہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ مالدیپ کے صدر نے اس سے پہلے وزیراعظم اور وزراء کی کونسل کی حلف برداری تقریب میں شرکت کرنے کے لیے

اس سال جون میں بھارت کا دورہ کیا تھا۔ جناب جیسوال نے کہا کہ اپنے قیام کے دوران جناب Muizzu بنگلورو اور ممبئی بھی جائیں گے، جہاں ان کی کاروباری مصروفیات رہیں گی۔x

**MEA JAI SHANKAR SCO**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اِس مہینے کی 15 اور 16 تاریخ کو شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے اسلام آباد جائیں گے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کل دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اِس بات کی توثیق کی ہے۔ ذاکر نائک کے پاکستان دورے کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت کو اِس بات پر کوئی حیرت نہیں ہے کہ بھارتی عدالتِ انصاف کے ایک مفرور شخص کا پاکستان میں اعلیٰ سطح پر استقبال کیا گیا۔ انہوں نے اسے مایوس کن اور قابل مذمت قرار دیا۔

**ISRAEL-HIZBULLAH**

اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس کی دفاعی افواج نے چار دن پہلے جنوبی لبنان میں شروع ہوئی زمینی کارروائیوں کے دوران حزب اللہ کے دو ہزار سے زیادہ فوجی ٹھکانوں کو تباہ کیا ہے اور 250 دہشت گردوں کو مار گرایا ہے۔ IDF نے کہا ہے کہ ہلاک ہونے والوں میں پانچ بٹالین کمانڈر، 10 کمپنی کمانڈر اور 6 پلاٹون کمانڈر شامل ہیں۔ ساتھ ہی جنوبی لبنان میں اسرائیلی فضائیہ انٹیلیجنس پر مبنی کارروائیوں کے دوران پیشگی حملے بھی کررہی ہے۔

دوسری جانب حزب اللہ نے اپنی ہلاکتوں کے بارے میں ابھی تک کوئی اعداد وشمار جاری نہیں کئے ہیں۔ اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ شمالی اسرائیل میں گولانی بریگیڈ سے تعلق رکھنے والے اس کے دو فوجی ہلاک ہوئے ہیں۔x

**US-UK HOUTHI**

امریکی اور برطانوی فوجوں نے یمن میں ایک درجن سے زیادہ حوثی کے کنٹرول والے مقامات پر حملے کئے۔ امریکی عہدیداروں کے مطابق حملوں میں ہتھیاروں کے اہم نظام، فوجی ٹھکانوں اور ایران کی حمایت والے مسلح گروپ کے ذریعہ استعمال کئے جانے والے دیگر بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا۔

ان حملوں سے یمن میں جاری کشیدگی میں مزید اضافہ ہوا ہے، جہاں حوثی فورسز 2014 سے طویل خانہ جنگی میں مصروف ہیں، یہ حملے حوثیوں کے 5 اہم ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے فوجی طیاروں اور بحری جہازوں کے ذریعہ انجام دیئے گئے۔ حوثی کے کنٹرول والی میڈیا اطلاعات کے مطابق Hodeidah ہوائی اڈے اور Katayeb علاقے پر 7 حملے کئے گئے، جہاں مسلح گروپ حوثی کا فوجی ٹھکانہ ہے۔ اس کے علاوہ راجدھانی ثنا کے Sayyan ضلع میں واقع ٹھکانوں پر 4 حملے کئے گئے، جبکہ

یمن کے Dhamar صوبے میں دو اور مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔×

## WHO-M POX

عالمی ادارہ صحت، WHO نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے منکی پاکس بیماری کی تشخیص سے متعلق پہلے ٹسٹ کو منظوری دے دی ہے۔ ایمرجنسی استعمال کو ملی اس منظوری سے M.Pox سے متاثرہ ممالک کی تشخیص کی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہونے کی امید ہے۔ ان ممالک میں تیز اور صحیح جانچ کی مانگ بڑھتی جارہی ہے۔

افریقہ میں اب تک 800 سے زیادہ لوگوں کی منکی پاکس سے موت ہوچکی ہے اور 30 ہزار سے زیادہ معاملے درج ہوچکے ہیں۔ افریقی یونین کے بیماریوں پر قابو پانے کے مرکز کے مطابق یہ بیماری 16 ملکوں میں پائی گئی ہے، جن میں جمہوریہ Congo سب سے زیادہ متاثر ہے۔ M.Pox کی بیماری وائرس کے متاثرہ جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہونے سے پھیلتی ہے اور یہ قریبی جسمانی رابطوں سے مزید پھیل سکتی ہے۔ M.Pox کی علامتوں میں بخار، عضلات میں کھنچاؤ اور جلد پر جھلس جانے کی طرح بڑے زخم شامل ہیں۔×

## FOREX RESERVES

بھارت کے غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر کے 700 اَرب امریکی ڈالر پار کرنے کے ساتھ ہی بھارت دنیا کی چوتھی معیشت بن گیا ہے اور چین، جاپان اور سوئٹزرلینڈ کی صف میں شامل ہوگیا ہے۔ 27 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران بھارت کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 12 اَرب 58 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کے اضافے ساتھ اب تک کے سب سے زیادہ 704 اَرب 88 کروڑ 50 لاکھ ڈالر پر پہنچ گئے ہیں۔ 20 ستمبر کو ختم ہوئے ہفتے میں غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں زبردست اضافہ ہوا اور یہ 692 اَرب 30 کروڑ ڈالر پر پہنچ گئے۔

غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں تیزی سے اضافے کی بدولت بین الاقوامی مارکیٹوں میں اتار چڑھاؤ کے تناظر میں عالمی اقتصادی غیر یقینی کی صورتحال کا سامنا کرنے کی بھارت کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے اور اس کی کرنسی کو بھی مزید استحکام حاصل ہوا ہے۔ بھارتیہ ریزرو بینک کے ذریعہ کل جاری کئے گئے تازہ ترین ڈیٹا کے مطابق بھارت کے سونے کے ذخائر 2 اَرب 18 کروڑ 40 لاکھ ڈالر کے اضافے کے ساتھ 65 اَرب 79 کروڑ 60 لاکھ ڈالر پر پہنچ گئے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ سے رقم نکالنے کے خصوصی حقوق کے تحت بھارت اب 80 لاکھ ڈالر کے بجائے 18 اَرب 54 کروڑ 70 لاکھ ڈالر تک کی رقم نکال سکتا ہے۔×

**CRICKET WOMEN T-20 WC**

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں کل رات دبئی میں بھارت / نیوزیلینڈ سے 58 رن سے ہار گیا۔ 161 رن کا نشانہ حاصل کرنے کی جدوجہد میں بھارتی ٹیم 19 اوورز میں محض 102 رن پر سمٹ گئی۔ نیوزیلینڈ کی Rosemary Mair نے چار وکٹ لئے۔ اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزیلینڈ نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 160 رن بنائے۔ Sophie Devine نے 36 گیندوں میں سب سے زیادہ 57 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Manik Sharma

*نیوزیلینڈ سے ہار کا سامنا کرنا بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کیلیے ایک مشکل شروعات رہی۔ اب بھارت کیلیے ایک اور سخت چیلنج ہے۔ دفاعی چمپئن آسٹریلیا کے ساتھ مقابلہ، یہ میچ 13 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ البتہ سیمی فائنل کیلیے راستہ کھلا ہے۔ ہرمن پریت کی کپتانی میں بھارتی ٹیم کے پاس اپنی پوزیشن بحال کرنے کا موقع ہے۔ اس کیلیے اسے کل پاکستان اور 9 اکتوبر کو سری لنکا کے ساتھ میچ میں جیت حاصل کرنی ہوگی۔ اپنے Play Off مواقع کو یقینی بنانے کیلیے بھارت کو بقیہ میچ جیتنے ہوں گے۔*

*آکاشوانی دلّی سے مانک شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......*

آج، گروپ -A کے میچ میں آسٹریلیا اور سری لنکا کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ساڑھے 3 بجے شروع ہوگا۔ آج شام ساڑھے سات بجے گروپ-B کے فکسچر میچ میں انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ دونوں میچ شارجہ میں کھیلے جائیں گے۔×

**TENNIS**

ٹینس میں روہن بوپنا اور Ivan Dodig پر مشتمل بھارت- کروئیشیائی جوڑی شنگھائی ماسٹرز کے مردوں کے ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔ اس جوڑی نے Pedro Martinez اور Pablo Carreno Busta کی اسپین کی جوڑی کو کل پہلے راؤنڈ میں چھ-چار اور چھ-تین سے آسان شکست دی۔ پچھلے ہفتے چائنا اوپن کے شروعاتی راؤنڈ میں باہر ہوجانے کے بعد بوپنا-Dodig کی پانچویں درجہ بندی کی حامل جوڑی نے محض ایک گھنٹہ اور تین منٹ میں یہ کامیابی حاصل کی۔ جوڑی کے طور پر یہ ان کی اس سال کی پہلی جیت ہے۔×

**IMD WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے شمالی مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں دور دور تک شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے

رایل سیما، جنوبی اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کیرالہ میں اگلے دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

**J&K STARTUP**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے شمالی مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما بھارت میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں دور دور تک شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے رایل سیما، جنوبی اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کیرالہ میں اگلے دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: …… شبانہ رحمان

شکریہ ۔ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اِس بیان کو خصوصیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ حکومت دفاعی صنعت کو مضبوطی دینے اور اسے عالمی مینوفیکچرنگ کا مرکز بنانے کے تئیں پُرعزم ہے۔ سپریم کورٹ نے تیرو ملا تیروپتی میں لڈو تیار کرنے میں مبینہ ملاوٹ کی جانچ کے لیے ایک آزاد خصوصی SIT تشکیل دی، یہ خبر بھی روزنامہ راشٹریہ سہارا، ملاپ، انقلاب، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں کی سرخی ہے۔

روزنامہ پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت تقریباً سبھی اخباروں میں اس خبر کو بھی شائع کیا ہے کہ وزیر خارجہ ایس جے شنکر SCO اجلاس میں شرکت کے لیے پاکستان جائیں گے۔ فضائیہ کے سربراہ کا یہ بیان بھی اخباروں میں ہے کہ جنگی جہاز سنکٹ ہر مقابلے کی صلاحیت رکھتا ہے۔مرزاپور میں سڑک حادثے میں 10 مزدور ہلاک، وزیراعظم نے مرزاپور حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا یہ خبر بھی کئی اخباروں میں ہے۔ روزنامہ پرتاپ میں وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے اس بیان بھی ہے کہ وکست بھارت نہ صرف بھارتیوں کے لیے بلکہ پوری دنیا کے لیے خوشحالی لائے گا۔ ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کے واحد مرحلے کی پولنگ آج ہونے کی خبر بھی تقریباً سبھی اخباروں نے دی ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کے لیے پولنگ جاری ہے۔

2. وزیراعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر میں 56 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی، پی۔ایم کسان اسکیم کی 18 ویں قسط بھی جاری کریں گے۔

3. بھارت نے دہشت گردی کے خلاف فوری بین الاقوامی معاہدہ کے اپنے مطالبے کی دوبارہ توثیق کی ہے۔

4. بھارت، 700 ارب امریکی ڈالر کے غیر ملکی زر مبادلہ کے ذخائر والا چوتھا ملک بن گیا ہے۔

5. اور کرکٹ میں: دبئی میں خواتین کے ٹی ۔20 عالمی کپ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 58 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---